امام ہمام علامۂ عصر مفسر و محدث عظیم مورخ یگانہ امام الحفاظ جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر السیوطی کی مشہور زمانہ تاریخ
تاریخ الخلفاء
ایک بصیرت افروز محققانہ مقدمہ کے ساتھ
جو عہدِ بنی امیہ اور بنی عباس کی علمی و فکری تاریخ پر مشتمل ہے
از: ادیب شہیر
حضرت شمس بریلوی
مصنف اورنگ زیب خطوط کے آئینے میں اور مترجم غنیۃ الطالبین
پروگریسو بکس

اکبر کتاب کا اصل عربی اور اردو ترجمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تلک الایام نداولہا بین الناس

امام ہمام علامہ عصر مفسر و محدث عظیم مورخ یگانہ امام الحفاظ جلال الدین عبدالرحمن بن ابی بکر سیوطی کی مشہور زمانہ تاریخ

تاریخ الخلفاء

(الکامل)

(جو خلافت راشدہ عہد بنی امیہ اور بنی عباس کی ایک مستند اور جامع تاریخ ہے) کا اردو ترجمہ

ایک بصیرت افروز محققانہ مقدمہ کے ساتھ

جو عہد بنی امیہ اور بنی عباس کی علمی و فکری تاریخ پر مشتمل ہے

از: ادیب شہیر
حضرت شمس بریلوی علیہ الرحمۃ
مصنف اور رنگ زیب خطوط کے آئینے میں اور مترجم غنیۃ الطالبین

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795
پروگریسو بکس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاریخ الخلفاء

تصنیف — حضرت علامہ جلال الدین سیوطیؒ

مترجم — ادیب شہیر حضرت شمس بریلویؒ

بار اول — اکتوبر 1997ء

بار دوم — ستمبر 2012ء

ناشر — چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول
میاں شہزاد رسول

پرنٹرز — آصف صدیق پرنٹرز لاہور

تعداد — 1100/-

قیمت — روپے

کی بدمزاجی کی شکایت اللہ تعالیٰ سے کی تھی اس پر آپ کو بارگاہ الٰہی سے جواب ملا تھا کہ عورتیں تمھاری پسلی سے پیدا کی گئی ہیں اور تمھارا لباس ہیں' ان سے نبھاؤ! جب تک ان میں کوئی دینی خرابی نہ دیکھو!

فرزند کو سزا:۔

عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک صاحبزادے بالوں میں کنگھی کئے اور عمدہ لباس پہنے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے' حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو درے سے مارا وہ رونے لگے' ان کا رونا دیکھ کر حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ آپ نے ان کو کس قصور کی سزا دی' حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے یہ دیکھا کہ اس میں (اس عمدہ لباس سے) کچھ عجب و غرور پیدا ہوگیا ہے بس میں نے یہی مناسب سمجھا کہ اس غرور کا سر جھکا دوں۔

معمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لیث بن ابی سلیم سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ الحکم یا ابو الحکم نام مت رکھو کہ حکم تو صرف اللہ ہی کے لئے ہے اور نہ کسی راستے کا نام سکہ رکھا جائے!

بیہقی نے شعب الایمان میں ضحاک سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ واللہ مجھے یہ زیادہ محبوب تھا کہ میں کسی راستے پر درخت ہوتا اور کوئی اونٹ مجھے چباکر نگل جاتا پھر مینگنیاں کرکے اسے نکال پھینکتا' مگر میں انسان نہ ہوتا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی کے مثل فرمایا' کاش میں پالتو دنبہ ہوتا اور مجھے کھلا پلا کر اتنا فربہ کیا جاتا کہ لوگ میرے دیکھنے کو آتے پھر مجھے ذبح کر ڈالا جاتا۔ کچھ لوگ میرا گوشت بھون کر کھاتے اور میرے گوشت کا قیمہ کرکے کھاتے مگر میں انسان نہ ہوتا۔

محبت اہل بیت:۔

ابن عساکرؒ ابو البختری سے روایت کرتے ہیں کہ ایک روز حضرت عمر بن الخطاب منبر پر خطبہ کے لئے تشریف لے گئے وہاں حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی موجود تھے آپ کو